| |
|---|
| حسین کا غم مکاں مکاں میں |
| دل و جگر میں زباں زباں میں |

| | |
|---|---|
| | لٹایا جس نے بھرے چمن کو |
| | بہائے اس پر نہ کیوں نین کو |
| یہ غم سے رونق ھے گلستاں میں | |
| | جو زیر خنجر نہ ھمکو بھولے |
| | بھلا وہ کس طرح بھولا جائے |
| صدا ھے اسکو ھر ایك زماں میں | |
| | بکی او ابکی یا پھر تباکی |
| | عجب صله ھے تیرے الم کا |
| نبي بسائے اسے جناں میں | |
| | ھے سویا شان کٹا کے عباس |
| | حسین پر جاں لٹا کے عباس |
| رھي نہ سرور کي جان جاں میں | |
| | حسین کے ھاتھوں پر ھے اصغر |
| | کے جیسے بر آفتاب محشر |
| ھے مشتري اك عظیم شان میں | |
| | پدر نے عین الیقین دیکھا |
| | فلك په اصغر کا خوں جو پھینکا |

| | |
|---|---|
| ملك نے جھیلا ھے آسمان میں | |
| | جھکایا سجدے میں شاہ نے سر |
| | لعین نے پھیرا ھے کند خنجر |
| ھے عرش و کرسي غم و فغاں میں | |
| | لعیں نے پھاڑا قران کل کو |
| | رلایا اللہ کے رسل کو |
| نہ کیوں ھو غم جا بجا قرآں میں | |
| | زمانہ جو جو گذرتا جائے |
| | الم یہ تازہ ھي ھوتا جائے |
| برھان دیں کے دل جواں میں | |
| | دل محمد میں وہ بسیگا |
| | جسے یہ ماتم سے عشق ھوگا |
| بسالے شاکر یہ غم تو جاں میں | |